خبروں کا اعلامیہ

تازہ کاری شدہ*: نوجوان سیکھنے والوں کے لیے بروقت، مؤثر تعاون

04 دسمبر، 2024 میڈیا انکوائریز

خواندگی اور عددی جانچ (اسکریننگ) سے نوجوان سیکھنے والوں کو بنیادی مہارتیں پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

ریاضی کے بنیادی تصورات کو پڑھنے، لکھنے، بولنے اور سمجھنے کی صلاحیت بچے کی کامیابی کے لیے اساسی ہے۔ کچھ بچے اپنی تعلیم کے ابتدائی سالوں میں ان بنیادی مہارتوں کو تیار کرنے میں جدوجہد کرتے ہیں اور بروقت شناخت اور مداخلت کے بغیر، ان کے ناکام ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ جن بچوں کو مدد کی ضرورت ہے ان کی جلد از جلد شناخت کی جائے اور ان کی مدد کی جائے، البرٹا کی حکومت نے حال ہی میں کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 5 کے طلباء کے لیے خواندگی اور عددی اسکریننگ کے بہتر ٹولز متعارف کرائے ہیں۔ جنوری 2025 سے شروع کرکے، کنڈرگارٹن کے طلباء اب اپنی خواندگی اور عددی مہارتوں کو ایک مستقل، صوبہ گیر نقطہ نظر کے ساتھ جانچ کروا پائیں گے۔

"ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ طلباء کی بنیادی خواندگی اور عددی مہارتوں کو تیار کرتے وقت، ان کی مدد کی جائے۔ بروقت، مؤثر اسکریننگ اور مداخلت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کوئی بھی طالب علم ان مہارتوں کو حاصل کرنے میں ناکام نہ ہو اور اساتذہ اور والدین کو اپنے بچے یا طالب علم کو صحیح وقت پر صحیح معاونت سے جوڑنے میں مدد ملے گی، تاکہ وہ اپنی پوری صلاحیت تک پہنچ سکیں۔"

دیمتریوز نکولائڈس، وزیر تعلیم (Demetrios Nicolaides, Minister of Education)

البرٹا کی حکومت نے 2024 کے موسم خزاں میں گریڈ 1سے گریڈ 3 کے طلباء کے لیے دو بار سالانہ اسکریننگ شروع کی، اور کنڈرگارٹن کے طلباء کے لیے اس نئے فریم ورک پر ایک نئی اسکریننگ کا اضافہ کر رہی ہے، جو اساتذہ، تعلیمی عملے اور والدین کو بتائے گی کہ بچے کی عدد و شمار اور خواندگی کی مہارتیں کس سطح پر ہیں، اور آیا انہیں مدد کی ضرورت ہے۔ کنڈرگارٹن سے گریڈ پانچ تک مسلسل اسکریننگ کرنے سے، اساتذہ اور تعلیمی پیشہ ور طلباء کی کامیابی کو یقینی بنانے والے معاونت کو نشانہ بنانے کے قابل ہو جائیں گے۔

اسکول کے حکام، اساتذہ اور تعلیمی عملے کی مدد کے لیے البرٹا کی حکومت 25-2024 تعلیمی سال کے لیے خواندگی اور عددی سپورٹ فنڈنگ (Literacy and Numeracy Support funding) میں 10 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے، تاکہ وہ اسکریننگ اور مداخلتی اعمال کے ذریعے اپنے طلباء کو تعاون دے سکیں۔ اساتذہ اپنے طلباء کی اسکریننگ اور مدد کرنے کے لیے مختلف وسائل تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان وسائل میں مخصوص اسکریننگ کے لیے سبق آموز ویڈیوز، مداخلت کے سبق کے منصوبے، کنڈرگارٹن کی گنتی کی مداخلت کی سرگرمیاں اور مزید بہت کچھ شامل ہیں۔

*اسکرینرز کو اسکول کے حکام، البرٹا ٹیچرز ایسوسی ایشن کے ایوارڈ یافتہ تعلیمی ماہرین اور دیگر تعلیمی اسٹیک ہولڈرز کی رائے (ان پٹ) کے ساتھ تیار کیا گیا تھا۔ یہ اسکرینرز اسکول کے حکام کے لیے مفت استعمال کرنے کے لیے دستیاب ہیں، یا وہ حکومت سے منظور شدہ اسکریننگ ٹولز کی فہرست میں سے انتخاب کرسکتے ہیں۔ یہ وسائل صوبے بھر کے اسکول حکام کو ایک مستقل نقطہ نظر فراہم کرنے میں مدد کریں گے، تاکہ طلباء اور والدین بہترین نتائج دیکھ پائیں۔

اسکریننگ میں اضافہ کے علاوہ، البرٹا کی حکومت 25-2024 تعلیمی سال کے دوران 1.5 بلین ڈالرکی سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ اسکول کے حکام طلباء کے سیکھنے کی مخصوص ضروریات میں مدد کر سکیں۔ اسکول کے حکام اضافی تعلیمی معاون عملہ جیسے کہ تعلیمی معاونین، پیشہ ورانہ معالجین (آکوپیشنل تھراپسٹس)، مشیران اور ماہر نفسیات کی خدمات حاصل کرنے کے لیے، ان کو فراہم کردہ

خبروں کا اعلامیہ

فنڈنگ کا استعمال کر سکتے ہیں، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ جن طلباء کو مدد کی ضرورت ہے انہیں وہ مدد ملے جو انہیں اپنی پوری صلاحیت تک پہنچنے کے لیے درکار ہے۔

فوری حقائق

- 2021 سے، البرٹا کی حکومت نے تعلیم میں خلل سے متعلق فنڈنگ (Learning Disruption Funding) میں 85 ملین ڈالرفراہم کیے ہیں تاکہ ایسے طلباء کی مدد کی جا سکے جن کو خواندگی اور شماریات میں اضافی مدد کی ضرورت ہے۔
- 2024 میں، تعلیم میں خلل سے متعلق فنڈنگ (Learning Disruption Funding) کا نام بدل کر لٹریسی اینڈ سپورٹ فنڈنگ (Literacy and Support Funding) رکھ دیا گیا، تاکہ البرٹا کے سب سے کم عمر کے سیکھنے والوں میں ابتدائی خواندگی اور عددی مہارتوں کی نشوونما میں مدد کی جا سکے۔
- گریڈ 1 سے گریڈ 3 کے تمام طلباء کی سال میں دو بار، ستمبر اور جنوری میں، اسکریننگ کی جا رہی ہے۔
- جن طلباء کو اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے ان کی ترقی کی نگرانی کے لیے تعلیمی سال کے آخیر میںر ان کی تیسری بار اسکریننگ کی جائے گی۔
- ستمبر 2026 میں گریڈ 4 اور گریڈ۔ 5 کے طلباء کے لیے اسکریننگ کے نئے تقاضے متعارف کرائے جائیں گے

متعلقہ معلومات

- ابتدائی سالوں کی تشخیصات

متعلقہ خبریں

- البرٹا کے سب سے کم عمر کے طلباء کی مدد کرنا (11 جولائی، 2024)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- نیوز کانفرنس سنیں